مولانا عبدالقیوم حقانی

تبصرۂ کتب

فتاویٰ عالمگیری (مترجم) جلد ۲۷، ۳۳، ۴۹، ۵۰ | مترجم: مولانا محمد صادق مغل ـــ صفحات: ۶۲، ۹۶، ۷۰ ـــ قیمت درج نہیں
ناشر: مجلسِ منتظمہ اشاعتِ عالمگیری، اعوان ٹاؤن نئی آبادی ۲ گرجا روڈ، جی پی او راولپنڈی

خالقِ کائنات نے دینِ اسلام سرورِ کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ کائناتِ ارضی کی اصلاح وفلاح کیلئے ایک کامل، جامع اور بطور آخری نظامِ حیات مرحمت فرمایا۔

اس نظامِ حیات پر عمل پیرا ہونے کے لیے کتاب وسنت، اجماعِ امت اور ان سے ماخوذ ان تفصیلی احکام کے علم کی ضرورت ہے جن کی تحقیق وتدوین میں مجتہدینِ اسلام نے مختلف ادوار میں گرانقدر خدمات انجام دیں، اور ان میں سے جن عالی پایہ تحقیقات پر عالمِ اسلام کی اکثریت اور سرزمینِ پاکستان کے جمہور قرنہا قرن سے نسل درنسل ترجیحی اعتماد اور والہانہ عقیدت رکھتے ہیں وہ اہلِ سنت والجماعت فقہاءِ احناف کی معتمد تحقیقات ہیں۔

احناف کی ان ہزار سالہ تحقیقی کاوشوں سے، جمہور احناف کا مسلک یکجا کرنے کے لیے گیارہویں صدی ہجری میں ماہرینِ اسلام کی عظیم ترجماعت نے سالہا سال کی محنتِ شاقہ کے بعد زندگی کے ہر شعبہ سے متعلق اسلامی احکام کا جو معتمد اور مستند اور جامع مجموعہ عربی زبان میں مدون کیا وہ عالمِ اسلام کے سوادِ اعظم سبھی احناف کے ہر مکتبِ فکر میں مقبول اور عالمی شہرت کا حامل مجموعہ احکامِ اسلام" فتاویٰ عالمگیری" کے نام سے مشہور ہوا اور یہ فتاویٰ آج بھی اسلام کے تفصیلی احکام میں جمہور پاکستان کو فکری طور پر قریب تر لانے اور پاک قوم کو شاہراہِ اتحاد پر گامزن کرنے کا اہم ذریعہ ہے۔

لہٰذا اسی ذریعۂ اتحاد اور شہرۂ آفاق فتاویٰ" فتاویٰ عالمگیری" کی اہم مباحث کو مجلسِ منتظمہ اشاعت فتاویٰ عالمگیریہ پہلی بار عربی متن اور ضروری حواشی سمیت نمبروار احکام کے ساتھ قومی زبان اُردو میں اور جدید اسلوب میں پیش کر رہی ہے۔

پیشِ نظر جلدیں بھی اسی سلسلۂ مہم کی ایک کڑی ہے جن میں کتاب الرضاع، کتاب العاریہ، کتاب التحری، کتاب احیاء الموات سے متعلق تمام مسائل آگئے ہیں۔ مجلسِ منتظمہ کے ناظمِ اعلیٰ ومترجم جناب محترم مولانا محمد صادق مغل اپنی اس عظیم علمی کاوش پر جمہور اہلِ سنت سے ہدیۂ تبریک اور شکریئے کے مستحق ہیں کہ اس سلسلہ کی شائع ہونے والی تمام جلدوں کے ترجمہ و طباعت میں عمدہ معیار کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔